AQF / Fazil

20-12-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................. شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 دلّی پولیس نے، BJP کے 2 ممبرانِ پارلیمنٹ کو چوٹ پہنچانے کی پاداش میں کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے خلاف FIR درج کی ہے۔

2- لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے پارلیمنٹ ہاؤس کے کسی بھی گیٹ پر احتجاجوں پر روک لگا دی ہے۔

3- اگلے مہینے منعقد ہونے والے آٹھویں پریکشا پے چرچا کے لیے رجسٹریشن شروع ہو گیا ہے۔

4- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج جیسلمیر میں مختلف ریاستوں کے وزراء خزانہ کے ساتھ بجٹ سے پہلے کا صلاح و مشورہ کریں گی۔

5- بھارت 2025 پیرا اَتھلیٹکس عالمی چیمپئن شپس اور عالمی پیرا اَتھلیٹکس گراں پری کی میزبانی کرے گا۔

6- اور کرکٹ میں، خواتین کی بھارتی ٹیم نے ویسٹ اِنڈیز کو تیسرے اور آخری T20 بین الاقوامی میچ میں 60 رن سے شکست دے کر سیریز دو ایک سے جیت لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

DP-RAHUL FIR

دلّی پولیس نے کانگریس رہنما راہل گاندھی کے خلاف BJP کی شکایت پر ایک FIR درج کی ہے۔ ایک بیان میں دلّی پولیس نے کہا ہے کہ اُس نے صرف بھارتی نیائے سنہتا کی دفعہ-109 کو ہی ہٹایا ہے اور باقی سبھی دفعات شکایت کے مطابق ہیں۔ BJP کے رکن پارلیمنٹ انوراگ سنگھ ٹھاکر نے ارکان پارلیمنٹ بانسری سوراج اور Hemang Joshi کے ہمراہ کل پارلیمنٹ اسٹریٹ پولیس اسٹیشن میں لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی کے خلاف ایک شکایت درج کرائی تھی۔ راہل گاندھی کے خلاف دفعہ-109 (قتل کی کوشش)، دفعہ 115 (جان بوجھ کر سنگین چوٹ پہنچانا)، دفعہ-117، 125، 131 اور 351 کے تحت BJP کے رکن پارلیمنٹ کو دھکا دے کر چوٹ پہنچانے کے سلسلے میں شکایت درج کرائی گئی ہے۔×

**BJP-CONGRESS COMPLAINT**

BJP نے کل پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں NDA کے ارکان پارلیمنٹ کی جانب سے پرامن احتجاج کے دوران پارٹی کے دو رکن پارلیمنٹ کے چوٹ لگنے کے بعد کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی کے خلاف اچانک حملہ کرنے اور اُکسانے کی پاداش میں دلّی پولیس میں ایک شکایت درج کی ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے BJP کے سینئر لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے کہا کہ پارلیمنٹ اسٹریٹ پولیس تھانے میں اپنی شکایت میں پارٹی نے اِس واقعے کی تفصیل بیان کی ہے۔

پارٹی کے ہیڈکوارٹر پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پارٹی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے جناب گاندھی پر پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں NDA کے ارکان پارلیمنٹ کی ساتھ غلط برتاؤ کا الزام لگایا۔

وزیر موصوف نے کہا کہ BJP کے رکن پارلیمنٹ پرتاپ سارنگی کو شدید طور پر چوٹ آئی اور انہیں اسپتال میں داخل کرایا گیا، ایک اور رکن پارلیمنٹ مکیش راجپوت کے بھی چوٹ لگی۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی رکن پارلیمنٹ Phangnon Konyak کے ساتھ راہل گاندھی کا برتاؤ نامناسب تھا اور انہوں نے راجیہ سبھا کے صدرنشین سے، اس سلسلے میں شکایت کی۔

اس دوران کانگریس ارکان پارلیمنٹ کا ایک وفد بھی پولیس اسٹیشن پہنچا اور اس معاملے میں، اُس نے بھی ایک شکایت درج کرائی۔ اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی نے کہا ہے کہ جب وہ پارلیمنٹ کے اندر جانے کی کوشش کررہے تھے، تو BJP ارکان پارلیمنٹ نے انہیں روکنے کی کوشش کی۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ انہیں دھکا دیا گیا اور اُن کی جانب سے دھمکی دی گئی۔ انہوں نے، اُن سے کہا کہ یہ داخلے کا گیٹ ہے اور انہیں ایوان کے اندر جانے کا اختیار ہے۔

**LS-SPEAKER INSTRUCTION**

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے سخت ہدایات جاری کی ہیں کہ کوئی بھی سیاسی پارٹی، پارلیمنٹ کے رکن یا ممبرانِ پارلیمنٹ کے گروپ، پارلیمنٹ ہاؤس کی عمارت کے کسی بھی گیٹ پر دھرنا یا احتجاج نہیں کریں گے۔ مذکورہ ہدایات پارلیمنٹ میں، کل کے اُس واقعے کے تناظر میں سامنے آئی ہیں، جب کانگریس اور BJP ممبر پارلیمنٹ نے گیٹ پر احتجاج کے دوران ایک دوسرے کے ساتھ دھکّا مکّی کی تھی، جس کی وجہ سے 2 ممبرِ پارلیمنٹ زخمی ہوئے اور اُنہیں اسپتال میں داخل کیا گیا۔ ×

**SITHARAMAN PRE BUDGET**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن، آج جیسلمیر میں مختلف ریاستوں کے وزرائے خزانہ کے ساتھ بجٹ سے پہلے کا صلاح ومشورہ کریں گے۔ مالی سال 2025-26 کا مرکزی بجٹ یکم فروری 2025 کو پارلیمنٹ میں پیش کئے جانے کا امکان ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن مسلسل آٹھویں مرتبہ بجٹ پیش کریں گی۔

حکومت کے ایک عہدیدار کے مطابق بجٹ سے پہلے کے صلاح ومشورے میں ریاستوں کا ایک اہم رول ہوگا، جس میں

اختراع کے فروغ، سرمایہ کاری اور نوکریوں کے مواقع پیدا کرنے سے متعلق پالیسیوں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ یہ میٹنگ مالی استحکام کو بہتر کرنے اور پائیدار ترقی سے متعلق ضروری اقدامات پر بات چیت کیلئے ایک پلیٹ فارم ہوگی۔ کل محترمہ سیتارمن، راجستھان کے جیسلمیر میں GST کاؤنسل کی 55 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گی۔ جیسلمیر کے SP سُدھیر چودھری نے شہر میں دو انتہائی اہم میٹنگوں کے پیش نظر سیکیورٹی کے انتظامات کے بارے میں بتایا۔

**PM-CHRISTMAS**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کل نئی دلّی میں مرکزی وزیر Goerge Kurian کی رہائش گاہ پر کرسمس تقریبات میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے مسیحی برداری کی سرکردہ شخصیات سے تبادلۂ خیال بھی کیا۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PARIKSHA PE CHARCHA**

آٹھواں 'پریکشا پے چرچا' آئندہ مہینے ہوگا۔ وزیراعظم نریندر مودی کے بات چیت کے اِس منفرد پروگرام کیلئے رجسٹریشن پہلے ہی شروع ہوچکا ہے اور یہ MyGov پورٹل پر 14 جنوری تک کیا جاسکے گا۔ امتحانات کے دباؤ کو کم کرنے اور طلباء، اساتذہ اور والدین کو زندگی کو ایک اُتسو کے طور پر منانے کی خاطر حوصلہ افزائی کرنے کیلئے اس پروگرام کا نظریہ پیش کیا گیا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ 'پریکشا پے چرچا، انہیں طلباء، اساتذہ اور والدین سے ایک ساتھ بات چیت کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

تعلیم کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ چھٹی سے بارہویں جماعت کے طلباء، اساتذہ اور والدین کیلئے MCQ فارمیٹ میں ایک کوئز مقابلہ تیار کیا گیا ہے۔ رجسٹریشن کے عمل کے دوران طلباء اُن سوالات کو درج کرسکتے ہیں، جو وہ وزیراعظم سے پوچھنا چاہتے ہیں۔ یہ سوالات امتحانات کے تناؤ سے نمٹنے، کیریئر، مستقبل یا عام زندگی پر مبنی ہوسکتے ہیں۔×

**DU NEW PG COURSE**

دلّی یونیورسٹی قومی تعلیمی پالیسی سے مطابقت رکھتے ہوئے 2026 سے ایک سالہ پوسٹ گریجویٹ کورس متعارف کرائے گی۔ مسودہ تجویز پر 27 دسمبر کو ہونے والی اکیڈمک کونسل کی میٹنگ میں تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ دلّی یونیورسٹی نے، 4 سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام پہلے ہی نافذ کر دیا ہے، جس کا تیسرا سیمسٹر جاری ہے۔ اس فریم وَرک کے تحت ایک سال کے بعد

اسے چھوڑنے والے طلبا کو ایک سرٹیفکیٹ، دوسرے سال کو چھوڑنے والے طلبا کو ایک ڈپلومہ، جبکہ وہ طلبا جو تین سال مکمل کر رہے ہیں اُنہیں ایک ڈگری حاصل ہوگی۔
ساتھ ہی وہ طلبا جنہوں نے 4 سال مکمل کیے ہیں، اُنہیں آنرس کے ساتھ ایک ڈگری دی جائے گی۔ تین سال کے بعد طلبا دو سالہ PG کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں، جبکہ وہ طلبا جو 4 سال مکمل کر رہے ہیں، ایک سالہ PG پروگرام میں اپنا اندراج کرا سکتے ہیں۔×

## DELHI-FIRECRACKERS

دلّی حکومت نے قومی راجدھانی میں، پورے سال سبھی طرح کے پٹاخوں پر مکمل پابندی کا اعلان کیا ہے، جس کا آغاز یکم جنوری 2025 سے ہوگا۔ اس سلسلے میں حکومت کی جانب سے جاری حکم کے مطابق پٹاخوں کو فروخت کرنے، ذخیرہ کرنے اور انہیں استعمال کرنے پر مکمل پابندی رہے گی۔ کَل سپریم کورٹ میں سماعت کے دوران دلّی حکومت نے، عدالت عالیہ کو شہر میں بڑھتی فضائی آلودگی کے درمیان پٹاخوں پر مکمل پابندی کے بارے میں مطلع کیا۔ دلّی حکومت کے حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ماحولیات کے تحفظ سے متعلق قانون 1986 کی دفعہ-5 کے تحت قومی راجدھانی میں پٹاخوں پر مکمل پابندی نافذ کرنے سے متعلق ہدایات جاری کی گئی ہیں۔×

## FOREING SECY MAURITUIS

خارجہ سکریٹری وِکرم مصری آج سے ماریشس کے تین دن کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ ماریشس میں وزیراعظم نوین چندر رام گلام کی قیادت میں نئی حکومت کی تشکیل کے بعد یہ دورہ بھارت اور ماریشس کے درمیان پہلا اعلیٰ سطحی رابطہ ہوگا۔ یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان مسلسل اعلیٰ سطحی رابطوں کا ایک سلسلہ ہے اور اس سے اس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ بھارت اپنی ویژن ساگر، افریقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی پالیسی اور عالمی خطۂ جنوب کے تئیں اپنے عہد کے تحت ماریشس کو اولین ترجیح دیتا ہے۔ بھارت اور ماریشس کے تاریخی، ثقافتی اور روایتی دیرینہ رشتے ہیں، جو مختلف شعبوں میں اشتراک پر مبنی ہیں۔ اس دورے سے ماریشس کے ساتھ بھارت کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا موقع فراہم ہوگا۔×

## PUTIN UKRAIN PEACE TALKS

روس کے صدر ولادیمیر پُتن نے کہا ہے کہ وہ جنگ کو ختم کرنے کے لیے امریکہ کے منتخبہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ یوکرین کے معاملے پر ممکنہ بات چیت کے تعلق سے سمجھوتہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ میڈیا افراد سے بات چیت کرتے ہوئے صدر پُتن نے کہا کہ یوکرین کے حکام کے ساتھ بات چیت کے لیے اُن کی کوئی شرط نہیں ہے اور وہ صدر

Volodymyr Zelensky سمیت کسی کے ساتھ بھی بات چیت کے لیے تیار ہیں۔ تاہم روس کے صدر نے اس بات پر زور دیا کہ اس کے تعلق سے کوئی بھی معاہدہ یوکرین کے قانونی حکام کی جانب سے دستخط کیا جانا چاہیے، جسے کریملن نے فی الحال یوکرین کی پارلیمنٹ کے طور پر تسلیم کیا ہے۔

صدر پُتن نے یہ کہتے ہوئے کہ ملک 2022 انتشار کے بعد سے مضبوط ہوا ہے، اُن دعوؤں کو مسترد کر دیا کہ روس کمزور پوزیشن میں ہے۔ انہوں نے یہ کہتے ہوئے کہ صرف دیرپا امن معاہدہ ہی قابلِ قبول ہوگا، Kyiv کے ساتھ عارضی سمجھوتے کی بات کو بھی مسترد کر دیا ہے۔ ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کے تعلق سے صدر پُتن نے کہا کہ وہ میٹنگ کے لیے تیار ہیں لیکن برسوں سے اُن کی کوئی بات نہیں ہوئی ہے۔ ×

**IMD WEATHER**

بھارتی محکمۂ موسمیات نے، ہماچل پردیش، مغربی راجستھان، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں آج بہت شدید سردی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے دو روز کے دوران اِن خطّوں میں سرد لہر کے حالات جاری رہیں گے۔ مشرقی راجستھان اور جھارکھنڈ میں آج رات اور صبح کے وقت میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا بھی امکان ہے۔ موسمیات سے متعلق محکمے نے ساحلی آندھرا پردیش اور یانم میں گرج چمک اور بجلی کے ساتھ موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ شمال مغربی اور مشرقی بھارت میں اگلے تین روز کے دوران کم از کم درجۂ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔

موسمیات کے محکمے نے بتایا ہے کہ مہاراشٹر اور وسطی بھارت میں کم از کم درجۂ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا بھی امکان ہے۔ موسمیات کے دفتر کے مطابق ہماچل پردیش میں آئندہ تین روز کے دوران منجمد کر دینے والی سری کے حالات رہیں گے۔×

**DELHI POLLUTION**

قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کا معیار بدستور بہت خراب کے زمرے میں ہے اور آج صبح 7 بجے ہوا کے معیار سے متعلق اوسط اشاریہ 434 درج کیا گیا ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلّی کے بوانا میں AQI-465، آنند وہار میں 456، آر کے پورم میں 453، پنجاب باغ میں 449، شادی پور میں 436، علی پور میں 423 اور سری اوروبندو مارگ میں 418 درج کیا گیا ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ دلّی اور اس سے متصل NCR میں آئندہ دو دنوں کے دوران رات اور صبح کے اوقات میں دھواں اور دُھند اور ہلکا کُہرا چھایا رہے گا۔×

**TRAINS DELAYED**

ملک کے شمالی خطّے کو گھنے کہرے نے اپنی گرفت میں لے لیا ہے اور کم دکھائی دینے کے سبب بہت سی ٹرینوں کیا نقل و حمل متاثر ہوا ہے۔ بھارتی ریلویز کے مطابق کم و بیش دلّی آنے والی 14 ٹرینیں تاخیر سے چل رہی ہیں۔ اِن میں کیفیات ایکسپریس، سمپک کرانتی ایکسپریس، گونڈ وانا ایکسپریس، تلنگانہ ایکسپریس، شیو گنگا ایکسپریس اور پدماوت ایکسپریس شامل ہیں۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ٹرینوں سے سفر کرنے سے پہلے ٹرینوں کی تازہ صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔×

**SPORTS ROUNDUP**

کھیلوں میں، بھارت 2025 میں پہلی بار ورلڈ پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ اور ورلڈ پیرا ایتھلیٹکس گراں پری کی میزبانی کرے گا۔یہ پہلا موقع ہے جب عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ بھارت میں منعقد ہو رہی ہے اور 2025 میں اس کا بارہواں ایڈیشن نئی دلّی میں ہونے جا رہا ہے۔ سارے مقابلے 26 ستمبر سے 5 اکتوبر کے درمیان ہوں گے۔ اس کے علاوہ بھارت پہلی مرتبہ اگلے سال ورلڈ پیرا ایتھلیٹکس گراں پری کی بھی میزبانی کرے گا۔ یہ 11 سے 13 مارچ کے درمیان جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں منعقد ہوگا۔

HL6 کھیلوں کی دیگر خبروں میں، خواتین کرکٹ میں، نوی ممبئی کے ڈی وائی پاٹل اسٹیڈیم میں کل رات میزبان بھارت نے ویسٹ اِنڈیز کو تیسرے اور آخری میچ میں 60 رن سے ہرا کر تین میچوں کی سیریز کو دو ایک سے جیت لیا ہے۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت کی خواتین ٹیم نے بین الاقوامی کرکٹ میں اپنا سب سے بڑا اسکور بناتے ہوئے چار وکٹ کے نقصان پر مقررہ 20 اوورس میں 217 رن بنائے۔ Smriti Mandhana نے سب سے زیادہ 47 گیند میں 77 رن جبکہ Richa Ghosh نے 21 گیند میں 54 رن بنائے۔گھوش نے خواتین کے بین الاقوامی T20 کرکٹ میں 18 گیند میں 50 رن بنا کر سب سے تیز 50 رن بنانے کے ریکارڈ کی بھی برابری کر لی۔ جواب میں ویسٹ اِنڈیز کی ٹیم 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر محض 157 رن ہی بنا سکی۔ Richa Ghosh کو شاندار کھیل کے لیے میچ کا سب سے بہترین کھلاڑی چنا گیا جبکہ Smriti مندھانا کو سیریز کا سب سے بہترین کھلاڑی چنا گیا۔

بھارت اب ویسٹ انڈیز کے ساتھ تین میچوں کی ایک روزہ بین الاقوامی سیریز کھیلے گا۔ یہ میچ اس مہینے کی 22، 24 اور 27 تاریخ کو کھیلے جائیں گے۔ بھارت کے تیز گیند باز محمد شامی کو کل حیدرآباد میں وِجے ہزارے ٹرافی میں دلّی کے خلاف بنگال کے پہلے مقابلے میں آرام دیا گیا ہے۔ بنگال کرکٹ ایسوسی ایشن نے کل اس کا اعلان کیا تھا۔

محمد شامی نے بھارت کی جانب سے ODI ورلڈ کپ 2023 میں اپنا آخری میچ کھیلا تھا۔ حال ہی میں گھٹنے کی سرجری کے بعد رنجی ٹرافی میں انہوں نے بنگال کی جانب سے مدھیہ پردیش کے خلاف شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے

سات وکٹ حاصل کیے تھے۔ سید مشتاق علی T20 ٹرافی کے 11 مقابلوں میں انہوں نے 9 وکٹ بھی حاصل کیے تھے۔ بارڈر گاوسکر ٹرافی کے تیسرے ٹیسٹ میچ کے ڈرا ہونے کے بعد بھارت کے کپتان روہت شرما نے کہا تھا کہ آسٹریلیا کے دورے پر ٹیم میں محمد شامی کا شامل ہونا نیشنل کرکٹ اکیڈمی کے ذریعہ دیے جانے والے فٹنیس کلیرینس پر منحصر ہوگا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر اعظم نریندر مودی کی برطانیہ کے چارلس سوم سے ٹیلیفون پر ہوئی بات چیت کو سرخی بنایا ہے اخبار لکھتا ہے کہ بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے بھارت-برطانیہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کا عہد کیا۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری کے اِس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ بھارت کی الیکٹرک وہائیکل ای-وی مارکیٹ کے سال 2030 تک 20 لاکھ کروڑ روپے تک پہنچنے کی توقع۔ راجیہ سبھا میں، دھکّا مکّی ہنگامہ آرائی کے سبب کارروائی ملتوی کیے جانے کی خبر بھی آج کے تقریباً سبھی اخباروں میں ہے۔ جموں و کشمیر کے کولگام ضلع میں مڈبھیڑ میں5 دہشت گردوں کے ہلاک ہونے کی خبر کو روزنامہ ملاپ نے سرخی بنایا ہے۔ اسی اخبار کی ایک اور خبر کے مطابق ریلوے کے وزیر اشوِنی ویشنو گریٹر حیدرآباد کے ملکاج گری ضلع میں 28 دسمبر کو ریلوے ٹرمنل کا افتتاح کریں گے۔

افغانستان میں، کابل قندھار شاہراہ پر ایک بس کے آئل ٹینکر سے ٹکرانے سے 50 افراد ہلاک اور تقریباً 76 کے زخمی ہونے کی خبر کو بھی کئی اخباروں نے شائع کیا ہے۔ اِسرو نے عملے کے بغیر پہلی گگن یان پرواز کے لیے HLVM-3 کی اسمبلنگ شروع کی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 دلّی پولیس نے، BJP کے 2 ممبرانِ پارلیمنٹ کو چوٹ پہچانے کی پاداش میں کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے خلاف FIR درج کی ہے۔

2- لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے پارلیمنٹ ہاؤس کے کسی بھی گیٹ پر احتجاجوں پر روک لگا دی ہے۔

3- اگلے مہینے منعقد ہونے والے آٹھویں پریکشا پے چرچا کے لیے رجسٹریشن شروع ہو گیا ہے۔

4- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج جیسلمیر میں مختلف ریاستوں کے وزراء خزانہ کے ساتھ بجٹ سے پہلے کا صلاح و مشورہ کریں گی۔

5- بھارت 2025 پیرا ایتھلیٹکس عالمی چیمپئن شپس اور عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری کی میزبانی کرے گا۔

6- اور کرکٹ میں، خواتین کی بھارتی ٹیم نے ویسٹ اِنڈیز کو تیسرے اور آخری T20 بین الاقوامی میچ میں 60 رن سے شکست دے کر سیریز دو ایک سے جیت لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---